SCHOOL BASED ASSESSMENT 2024-25

Mid-Term

Urdu Grade 5

Objectives=10 MCQs(10x2=20 Marks) and Subjective:30 Marks, Total=50 Marks , Time = 1 Hour 30 Minutes

School Name: ____________________

Student Name : ______________ **Roll Number :** ______________ **Section :** ______________

حصہ اول: معروضی سوالات

سوال نمبر 1: عددی ترتیب کے استعمال والا درست جملہ ہے:

(a) علی دوڑ میں اٹھارویں نمبر پر آیا۔
(b) علی دوڑ میں اٹھارواں نمبر پر آیا۔
(c) علی دوڑ میں اٹھاروے نمبر پر آیا۔
(d) علی دوڑ میں اٹھارہ نمبر پر آیا۔

سوال نمبر 2: "دُھن" کا معنی "لگن" ہے، جب کہ "دَھن" کا معنی ہو گا:

(a) عزت
(b) عظمت
(c) دولت
(d) شہرت

سوال نمبر 3: قوسین کے استعمال والا درست جملہ ہے:

(a) ڈاکٹر عبدالقدیر (محسن پاکستان) بھارت میں پیدا ہوئے۔
(b) (ڈاکٹر عبدالقدیر) محسن پاکستان بھارت میں پیدا ہوئے۔
(c) ڈاکٹر عبدالقدیر محسن پاکستان (بھارت) میں پیدا ہوئے۔
(d) ڈاکٹر عبدالقدیر محسن پاکستان بھارت میں (پیدا) ہوئے۔

سوال نمبر 4: اسم صفت والا جملہ ہے:

(a) زینب سکول پڑھتی ہے۔
(b) مریم ذہین طالبہ ہے۔
(c) فضہ نے سبق یاد کر لیا۔
(d) فوزیہ کی کتاب گم ہو گئی۔

سوال نمبر 5: علامتِ فاعل کے درست استعمال والا جملہ ہے:

(a) ساجدہ بازار میں گئی۔
(b) راحیلہ بہت رحم دل ہے۔
(c) سمیرا خوب محنتی ہے۔
(d) طیبہ نے نئی فراک خریدی۔

پیراگراف ہدایات*

درج ذیل پیراگراف کو غور سے پڑھیں اور نیچے دیے گئے سوالات کے درست جوابات کی نشان دہی کریں:

میرے تین بھائی اور ایک بہن ہے۔ علی مجھ سے سات سال، کامران پانچ سال اور حمزہ تین سال چھوٹے ہیں۔ جب کہ میری بہن کا نام فاطمہ ہے جس کی عمر دو سال ہے سب اسے پیار سے گڑیا بولتے ہیں۔ میں آج کل ہفتم کلاس میں پڑھتا ہوں۔ علی جماعت سوم اور کامران جماعت اول میں ہے۔ حمزہ اور فاطمہ ابھی سکول نہیں جاتے کیوں کہ وہ ابھی چھوٹے ہیں۔ میں تعلیمی حوالے سے اپنے بھائیوں کی مدد کرتا ہوں۔ ہمارے والدین ہم سے بہت خوش ہیں اور ہمیں دعائیں دیتے ہیں۔

سوال نمبر 6: فاطمہ کے بھائیوں کی تعداد ہے:

(a) چار
(b) پانچ
(c) تین
(d) دو

سوال نمبر 7: کامران اور علی کی عمر میں فرق ہے:

(a) تین سال
(b) پانچ سال
(c) سات سال
(d) دو سال

سوال نمبر 8: عبارت کے مطابق سکول نہیں جاتے:

(a) حمزہ اور فاطمہ
(b) کامران اور فاطمہ
(c) علی اور فاطمہ
(d) علی اور کامران

سوال نمبر 9: پیراگراف کے مطابق والدین ہیں:

(a) پریشان
(b) رنجیدہ
(c) اداس
(d) خوش

سوال نمبر 10: درج ذیل پیراگراف کا مناسب عنوان ہے:

(a) میرا سکول
(b) میرا خاندان
(c) میرے ہمسائے
(d) میرا گاؤں

حصہ دوم: انشائیہ سوالات

سوال نمبر 11: درج ذیل اشعار کو نثر میں لکھیں۔ (10 نمبر)

قدر آرام کی اگر سمجھو // آدمی کا کبھی گلہ نہ کرو
گائے سن کر یہ بات شرمائی // آدمی کے گلے سے پچھتائی
دل میں پرکھا بھلا برا اس نے // اور کچھ سوچ کر کہا اس نے
یوں تو چھوٹی ہے ذات بکری کی // دل کو لگتی ہے بات بکری کی

سوال نمبر 12: والد صاحب کے نام خط لکھیں جس میں اپنے امتحان کی تیاری کے بارے میں بتائیں۔ (10 نمبر)

سوال نمبر 13: سننے کا امتحان: طلبہ کو پیراگراف پڑھ کر سنایا جائے۔ دیے گئے سوالوں کے زبانی جوابات پوچھے جائیں۔ پیراگراف روبرکس میں شامل ہے۔ (10 نمبر)